مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار:

☆ جمعیت علماء اسلام کی مجلس شوریٰ کے اجلاس کیلئے لاہور تشریف لے گئے، سمن آباد لاہور میں میٹنگ کے بعد پریس کانفرنس کی ☆ ۸؍دسمبر کو جامعہ رشیدیہ ٹھنڈکوئی میں مولانا فضل علی حقانی سابق وزیر تعلیم ،اور مولانا حسین احمد مہتمم جامعہ رشیدیہ کی دعوت پر صوابی تشریف لے گئے ،جہاں جلسہ تقسیم انعامات سے خطاب فرمایا۔

☆ ۹؍دسمبر کو قطر سفیر کی دعوت پر سرینا ہوٹل اسلام آباد میں قطر کے الیوم الوطنی تقریب میں شرکت کی ،جس میں اہم حکومتی شخصیات کے علاوہ دیگر سفرا اور عرب مہمانوں نے بھی شرکت کی۔

☆ ۱۳؍دسمبر کو حافظ محمد سعید امیر جماعۃ الدعوہ کی دعوت پر نظریہ پاکستان کانفرنس میں شرکت کے لئے اسلام آباد تشریف لے گئے اور خطاب فرمایا۔ کانفرنس میں پیر ہارون شاہ گیلانی سجادہ نشین خانقاہ میاں میر لاہور سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔اس اجتماع میں دعوت دینے کے لئے گیلانی صاحب اور حافظ محمد سعید صاحب خود بھی دارالعلوم تشریف لائے۔ ☆ اسی طرح ۲۱؍دسمبر کو مدرسہ معہد الصدیق بام خیل صوابی میں مولانا عبدالرؤف باچا حقانی صاحب کی دعوت پر تشریف لے گئے اور طلبا وعلماء سے خطاب فرمایا۔اس خاندان کے سارے بزرگ اور نوجوان علماء جامعہ حقانیہ کے فیض یافتہ ہیں۔

☆ جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام آل قبائلی جرگہ میں شرکت کے لئے پشاور تشریف لے گئے۔تمام قبائل کے جرگہ سے خطاب فرمایا اور پریس کانفرنس کی۔

☆ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے زیر اہتمام دہشت گردی کے عنوان سے کانفرنس میں شرکت اور خطاب کیا۔جس میں اسلامی ممالک کے علماء دانشور کے علاوہ رابطہ عالم اسلامی کے سربراہ شیخ عبداللہ عبدالمحسن الترکی سے ملاقاتیں کیں۔اس اجتماع میں کیا گیا خطاب الحق کے نقش آغاز میں شامل ہے۔

☆ ۲۷؍دسمبر کو شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہؒ کے حوالے سے تعزیتی کانفرنس میں شرکت کے لئے صوابی جلبئی تشریف لے گئے اور خطاب فرمایا، اس کے بعد جہانگیرہ میں مولانا نورالھادی باچا کے ہاں جامع مسجد مدینہ میں ایسے ہی تعزیتی تقریب سے خطاب فرمایا اور احقر نے بھی خطاب کیا۔

☆ ۳۰؍دسمبر کو مولانا محمد امیر بجلی گھر کی یاد میں ہونے والی کانفرنس میں مولانا قاسم بجلی گھر کی دعوت پر